# تعارف و تبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

## (۱)

نام کتاب : آخری صلیبی جنگ (حصہ چہارم)
مصنف : عبدالرشید ارشد
ضخامت : 274 صفحات ۔ قیمت: 100 روپے
ملنے کا پتہ: النور ٹرسٹ رجسٹرڈ، جوہر آباد

عبدالرشید ارشد دینی حلقوں کی ایک معروف شخصیت ہیں۔ وہ درجنوں کتابوں کے مصنف ہیں۔ ان کی کئی کتابیں محکمہ تعلیم سے منظور شدہ بھی ہیں۔ عبدالرشید ارشد قومی اور عالمی مسائل پر گہری نظر رکھتے ہیں۔ ان کی کتابیں تحقیق و جستجو کا مستند مرقع ہیں۔ عالمی حالات پر اُن کے تجزیے چشم کشا ہیں۔ ان کی تحریروں سے اُمت مسلمہ کے عوام اور مقتدر افراد دونوں سبق سیکھ کر راہِ صواب اختیار کر سکتے ہیں۔

زیر نظر کتاب میں یہود و نصاریٰ کی اسلام دشمنی کو تاریخِ عالم کے ٹھوس شواہد کی روشنی میں واضح کیا گیا ہے۔ مصنف کے مطابق کفر کی یلغار انتہائی چابک دستی کے ساتھ تیار کی گئی منصوبہ بندی کے تحت کام کر رہی ہے اور کامیابی کے ساتھ ہمکنار بھی ہو رہی ہے، کیونکہ اسلامی دنیا اپنی تہذیب سے بیگانہ مغرب کی تقلید میں انتہائی دلچسپی کے ساتھ محو ہے۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ مسلمان مغرب کی بے حیا تہذیب سے نفرت کرتے، اس کے قریب نہ پھٹکتے، بلکہ اس کو صحیح سمت پر لگانے کی کوشش کرتے۔

موجودہ صورت حال کا تجزیہ کرتے ہوئے مصنف لکھتا ہے کہ مسلمانوں کے خلاف نفرت پھیلانے میں یہودی ذہن کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کر رہا۔ امریکہ اور برطانیہ اُس کے آلۂ کار بنے ہوئے ہیں۔ چونکہ ان ممالک کی عسکری قوت جدید ترین سائنسی انکشافات پر مبنی ہے جس سے امت مسلمہ بے بہرہ ہے لہٰذا اسے جرم ضعیفی کی سزا کا سامنا ہے۔ تاہم مصنف کے مطابق جہاں دشمنوں کی عداوت تمام اخلاقی اقدار کو پامال کر کے مسلمانوں پر ظلم کے پہاڑ

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com